# Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department


## بلوچ شہریوں کا لانگ مارچ اور اس پر ریاستی اہلکاروں کے تشدد کا معاملہ

## پاکستان تحریک انصاف کی پرامن سیاسی سرگرمیوں کیخلاف ریاستی جبر و تشدد کے سلسلے کی شدید مذمت

20 دسمبر 2023

- ماورائے دستور و قانون ہتھکنڈوں سے ملک مسلسل انتشار کی زد میں ہے اور ریاستی نظم درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔
- آئین و قانون سے یکسر بے نیاز ہو کر شہریوں کو محکوم کرنے اور اندھے عتاب کا نشانہ بنانے کی کوششیں حل کی بجائے بحرانوں میں مزید شدت اور سنگینی پیدا کر رہی ہے۔
- دستور ہر شہری کو جان، مال اور آبرو کی ضمانت کے ساتھ پرامن احتجاج، ابلاغ و اظہار اور فیئر ٹرائل کے بنیادی حقوق دیتا ہے۔
- بااختیار ریاستی قوتوں کے سامنے نظامِ انصاف کی بے قدری و بے توقیری ملک میں لاقانونیّت کو پختہ تر جبکہ شہریوں کو بدترین عدمِ تحفّظ کا شکار کر رہی ہے۔
- طاقتور کو قانون کی پابندی سے آزادی جبکہ کمزور پر قانون کی کڑی گرفت 24 کروڑ کے ایٹمی ملک کو بتدریج اندرونی خلفشار کی دلدل میں دھکیل رہی ہے۔
- لاٹھی، بندوق اور اندھے جبر کو چھوڑ کر ریاست کو شہریوں کے معاملے میں بلاامتیاز آئین کو مقدّم رکھنا اور ہر مسئلے کا حل اسی سے کشید کرنا ہو گا۔


Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- ریاستی فیصلہ ساز انتخاب پر ڈاکہ ڈالنے کی خفیہ و اعلانیہ تدبیریں ترک کرکے صاف شفاف انتخابات کے ذریعے جمہور کو اپنے حقیقی نمائندوں کے انتخاب کا دستوری، قانونی اور جمہوری حق دیں۔
- پر امن احتجاج اور قانون کے دائرے میں سیاسی سرگرمیوں کو طاقت کے اندھے استعمال سے کچلنے کی بجائے ریاست اپنے فیصلوں کا بے لاگ تجزیہ کرے اور خصوصاً بلوچ شہریوں کی محرومی و مسائل کے سدِباب کی سنجیدہ ترین کوشش کرے۔
- تحریک انصاف دستور پر ایمان رکھنے والے ہر پاکستانی سے قانون کے مطابق سلوک ہی کی قائل ہے اور ریاست سے قانون کے مکمل احترام کا مطالبہ کرتی ہے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ